بھارت۔نیدرلینڈز وزارتِ خارجہ مشاورت کا 13واں دور (دسمبر 04، 2025)

04 دسمبر 2025

بھارت۔نیدرلینڈز وزارتِ خارجہ مشاورت کے 13ویں دور کا انعقاد 04 دسمبر، 2025 کو نئی دہلی میں ہوا. بھارتی وفد کی قیادت وزارتِ امورِ خارجہ، حکومتِ ہند کے سکریٹری (ویسٹ)، جناب سیبی جارج نے کی. ڈچ وفد کی قیادت مسٹر کرسٹیان ریبرگن، سکریٹری جنرل، وزارتِ خارجہ نیدرلینڈز نے کی. گزشتہ ایف او سی کا انعقاد 2024 میں ہیگ میں ہوا تھا.

2. دونوں فریقوں نے اعلیٰ سیاسی سطح پر بڑھتے ہوئے روابط اور تبادلوں کا خیرمقدم کیا، جنہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مسلسل رہنمائی اور رفتار فراہم کی ہے. حال ہی میں، وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور نیدرلینڈز کے وزیر اعظم مسٹر ڈِک سْخوف کی ملاقات جی20 سربراہ اجلاس کے موقع پرجوہانسبرگ میں مورخہ 23 نومبر، 2025 کو ہوئی تھی.

3. ایف او سی نے دوطرفہ تعلقات میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے اور تعاون کے نئے شعبوں پر تبادلۂ خیال کرنے کا موقع فراہم کیا. دونوں فریقوں نے شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر غور کیا، جن میں اہم ٹیکنالوجیز اور اختراع جیسے سیمی کنڈکٹرز اور مصنوعی ذہانت، سائنس و ٹیکنالوجی، گرین ہائیڈروجن اور شپنگ، دفاع و سلامتی، نیز پانی، زراعت اور صحت (WAH ایجنڈا) جیسے ترجیحی شعبے شامل ہیں. دونوں فریقوں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو متنوع جہت دینے کی اپنی خواہش کا اعادہ کیا.

4. یورپ میں بھارت کے ایک اہم اقتصادی شراکت دار کے طور پر نیدرلینڈز کی مسلسل اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے دونوں فریقوں نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں مستقل اضافے کا اعتراف کیا. اس سلسلے میں دونوں فریقوں نے اس بات پر زور دیا کہ بھارتی اور یورپی یونین کی قیادت کے ذریعہ اس سال فروری میں یورپی یونین کالج آف کمشنرز دورے کے دوران دی گئی ہدایات کے مطابق بھارت۔یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدہ (FTA) کو اس سال کے اختتام تک مکمل کرنا نہایت اہم ہے. دونوں فریقوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل پر بھی تبادلۂ خیال کیا. بھارتی فریق نے دہشت گردی کے خلاف صفر برداشت کی اپنی مضبوط پالیسی کا اعادہ کیا.

5. دونوں فریقوں نے دوطرفہ تعلقات کے لیے عوامی روابط اور ثقافتی تعلقات کی مسلسل اہمیت کو نوٹ کیا. اس تناظر میں، دونوں فریقوں نے نیدرلینڈز میں بھارتی کمیونٹی کا خیرمقدم کیا، جو دونوں ممالک کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کر رہی ہے، مقامی معیشت میں قابلِ قدر حصہ ڈال رہی ہے اور ثقافتی روابط کو مزید گہرا کر رہی ہے.

6. ایف او سی دو طرفہ تعاون کے پورے پہلوؤں پر بات چیت کرنے کے لئے بھارت اور نیدرلینڈ کے درمیان اہم ادارہ جاتی میکانزم میں سے ایک ہے. میکانزم کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے دونوں فریقوں نے اتفاق کیا کہ مشاورت کا سلسلہ باقاعدہ وقفوں پر جاری رکھا جائے گا اور ایف او سی کے اگلے دور کا انعقاد نیدرلینڈز میں باہمی سہولت کے مطابق کسی مناسب وقت پر طے کیا جائے گا.

7. بھارت اور نیدرلینڈز مشترکہ جمہوری اقدار اور مختلف شعبوں میں کثیر الجہتی تعاون کی بنیاد پر مضبوط دوطرفہ تعلقات کے حامل ہیں. دونوں ممالک کے درمیان پانی کے شعبے میں اسٹریٹجک شراکت داری موجود ہے، جو سیلاب کے روک تھام، صاف پانی کی ٹیکنالوجیز اور دیگر شعبوں میں وسیع تعاون اور معلومات کے تبادلے شامل ہیں.

نئی دہلی
04 دسمبر، 2025